دفتر، چیف پبلک ریلیشنز آفیسر

جامعہ ملیہ اسلامیہ

پریس ریلیز

**اکادمی برائے فروغ استعداد اردو میڈیم اساتذہ، جامعہ ملیہ اسلامیہ اور ہولسٹک ایجوکیشن ٹرسٹ، نئی دہلی کا ’ماحولیاتی مطالعات سے متعلق اردو درسی کتابوں (ہم اور ہمارا ماحول) برائے درجہ سوم اور پنجم پر نظر ثانی اور انہیں جدید تر بنانے سے متعلق مشترکہ سہ روزہ ورکشاپ کا انعقاد**

New Delhi, October,10, 2025

اکادمی، عزت مآب شیخ الجامعہ، جامعہ ملیہ اسلامیہ پروفیسر مظہر آصف اور پروفیسر محمد مہتاب عالم رضوی، مسجل، جامعہ ملیہ اسلامیہ کی شکر گزار ہے کہ انہوں نے ہولسٹک ایجوکیشن ٹرسٹ کے اشتراک سے ورکشاپ منعقد کرنے کی منظوری دی اور اس سلسلے میں ہر ممکن مدد فرمائی۔

اردو کی درسی کتابوں پر نظر ثانی اور مواد کی تیاری کے سلسلے میں ایک سہ ورکشاپ اردو اکادمی برائے فروغ استعداد اردو میڈیم اساتذہ، نوم چامسکی کامپلیکس، جامعہ ملیہ اسلامیہ کی لائبریری کم کمیٹی روم میں مورخہ آٹھ اکتوبر تا دس اکتوبر دو ہزار پچیس کو منعقد ہوا۔ یہ ورکشاپ پہلی اور تیسری جماعت کی ماحولیاتی مطالعات سے متعلق اردو کی درسی کتابوں کی نظر ثانی پر مرکوز تھا۔ واضح ہو کہ اکادمی برائے فروغ استعداد اردو میڈیم اساتذہ (اے پی ڈی یو ایم ٹی)، جامعہ ملیہ اسلامیہ اور ہولسٹک ایجوکیشن ٹرسٹ (ایچ ای ٹی) دہلی کا یہ مشترکہ ورکشاپ تھا۔ ورکشاپ کے انعقاد کا مقصد مذکورہ جماعتوں کی درسی کتابوں پر نظر ثانی اور اس کے مشمولات کو قومی تعلیمی پالیسی دو ہزار بیس (این ای پی ۔دو ہزار بیس) قومی نصابی خاکہ برائے اسکولی تعلیم دو ہزار بائیس (این سی ایف ایس ۔دو ہزار بائیس) اور قومی نصابی خاکہ برائے اسکولی تعلیم (این سی ایف ایس ای ۔دو ہزار تیئیس) کے رہنما اصولوں سے ہم آہنگ کرنا تھا۔

ورکشاپ کے آغاز میں پروفیسر جسیم احمد، اعزازی ڈائریکٹر اکادمی برائے فروغ استعداد اردو میڈیم اساتذہ، جامعہ ملیہ اسلامیہ نے تمام ماہرین خصوصی کے ساتھ ساتھ ورکشاپ کے کوآڈی نیٹر جناب انعام اللہ فلاحی،

ڈاکٹر عبدالواحد نظیر اور ڈاکٹر حنا آفرین کا خیر مقدم کیا۔ انھوں نے ورکشاپ کے بنیادی اغراض و مقاصد کی وضاحت کے علاوہ مواد کی ترتیب و تنظیم کے اصول و ضوابط، قومی نصابی خاکہ دو ہزار تئیس میں مذکور نصابی اہداف پر تفصیل سے روشنی ڈالی۔ پروفیسر احمد نے اپنی گفتگو میں درسی کتابوں پر نظر ثانی کی اہمیت اجاگر کی اور شرکا سے کہا کہ وہ متون پر نظر ثانی کرتے ہوئے ان میں اقدار، تہذیب اور ملک کی علمی و تہذیبی ورثے کی شمولیت کے لیے گنجائشیں پیدا کریں۔ انھوں نے طلبہ میں اکیسویں صدی کی مہارتیں پیدا کرنے کی ضرورت پر بھی زور دیا۔

ماحولیاتی مطالعات کے سلسلے کا یہ تیسرا ورکشاپ تھا جو درجہ اول اور دوم کے اساتذہ کے لیے ہینڈ بک کو قطعی شکل دینے اور درجہ سوم اور پنجم کی ماحولیاتی تعلیم سے متعلق مواد کی تیاری پر مرکوز تھا۔

ورکشاپ کے دوران درسی کتابوں پر نظر ثانی اور مواد کی تیاری میں تدابیر اور حکمت عملی پر ورکشاپ کے ماہرین خصوصی کے تبادلہ خیالات سے تیار شدہ مواد کی قدر اور معنویت میں اضافہ ہوا۔ ورکشاپ میں گروپ کے ساتھ ساتھ فرداً فرداً بھی مضامین کے ماہرین کے ساتھ ایک مثبت اور بامعنی مکالمہ ہوا جس سے موجودہ کتابوں میں نئے ابواب کی شمولیت اور پرانے ابواب میں مشمولات کی تازہ کاری کے ساتھ نئی نسل کی ضروریات سے ہم آہنگ کتاب کی تیاری میں معاونت ہوئی۔ دس اکتوبر دو ہزار پچیس کو اختتام پذیر ورکشاپ میں نظر ثانی شدہ ابواب اور جدید تر مواد کا خاکہ سامنے آیا۔ اور یہ طے پایا کہ آئندہ ورکشاپ میں تیار شدہ ابواب کو مزید غور و خوض کے لیے ماہرین کے سامنے پیش کیا جائے تاکہ ماحولیاتی مطالعات سے متعلق تیسری اور پانچویں جماعت کی درسی کتابوں کی تیاری کا کام مکمل کیا جا سکے۔

ڈاکٹر واحد نظیر کے شکریے کے ساتھ سہ روزہ ورکشاپ دس اکتوبر کو شام پانچ بجے اختتام پذیر ہوا۔

**پروفیسر صائمہ سعید**

**چیف، تعلقات عامہ افسر،**

**جامعہ ملیہ اسلامیہ**